Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

20اکتوبر2023

- ن لیگ کے عدالتوں سے سزایافتہ مجرم اور بھگوڑے لیڈر کی احتساب عدالت اور اسلام آباد ہائی کورٹ سے حفاظتی ضمانت کی منظوری نے عدلیہ کی آزادی کو مشکوک بنادیا ہے۔
- پاکستان اس وقت آئین سے محروم اور ریاستی عناصر کی جانب سے بدترین سیاسی انجنیئرنگ کی شکار ریاست بن چکا ہے۔
- ملک سے نظامِ انصاف کو زمین بوس کرکے قومی مجرموں کے لئے سیاست و حکومت کی راہ ہموار کرنے کیلیئے شرمناک ریاستی سہولت کاری جاری ہے۔
- ن لیگ کے جس بھگوڑے قائد کی لندن پلان کے تحت وطن واپسی کیلیئے قانون و انصاف کا قتل کیا گیا ہے وہ کرپشن کے سنگین جرم میں ٹرائل کورٹ سے عدالتِ عظمیٰ تک سزایافتہ ہے۔
- ایک جانب قومی مجرم کے لئے قانون و انصاف کو زمین پر بچھا دیا گیا ہے جبکہ دوسری جانب قوم کے صادق اور امین قائد کو محض سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلیئے عدالتوں کو سیاسی ٹرائلز پر لگادیا گیا ہے۔
- توشہ خانہ جیسے بے بنیاد مقدمے کے بعد سائفر جیسے مضحکہ خیز مقدمے کے ذریعے چیئرمین عمران خان کو آزادی اور قوم کی نمائندگی کے حق سے محروم کیا جارہا ہے۔

- قومی مجرم کو ڈیڑھ گھنٹے میں قانون سے واضح انحراف کرتے ہوئے عدالتی پناہ فراہم کرنے والے چیف جسٹس چیئرمین عمران خان کے خلاف درجن بھر مقدمات کے فیصلے محفوظ کرکے بیٹھے ہوئے ہیں۔
- ہائی کورٹ میں مقدمے کی سماعت کیلئے قومی مجرم کیلئے بائیو میٹرک کی شرط کو ختم کرنے والی عدلیہ سائفر جیسے بیہودہ مقدمے میں چیئرمین عمران خان کو فیئر ٹرائل سے محروم رکھ کر جیل کی سلاخوں کے پیچھے مقدمہ چلا رہی ہے۔
- پچھلے 18 ماہ کے دوران بالعموم جبکہ پچھلے 6 ماہ کے دوران بالخصوص دیگر ریاستی اداروں کی طرح عدلیہ کی غیر جانبدار حیثیت عملاً خاک میں مل چکی ہے۔
- تحریک انصاف خصوصاً چیئرمین عمران خان کے معاملے میں انصاف طویل کارروائیوں، غیر ضروری التوا، متعصب ججوں، پہلے سے طے شدہ فیصلوں اور بنیادی قانونی حقوق سے محرومی کا مجموعہ بن چکا ہے۔
- آئین کی بحالی اور عوام کے ووٹ کے جمہوری حق کے تحفظ کے حوالے سے عدلیہ کے کردار نے قوم کے اعتماد کو بری طرح مجروح کیا ہے۔
- بیماری کا بہانہ بنا کر خالصتاً انسانی ہمدردی کی آڑ میں جیل سے بھاگنے والے مجرم کے ساتھ بند کمروں میں کیے جانے والے سمجھوتوں پر عمل کیلئے چوبیس کروڑ پاکستانیوں کو آئین، قانون، انصاف، جمہوریت اور ووٹ کے حق سمیت تمام بنیادی حقوق سے محروم کیا جارہا ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- عوام سے مسترد شدہ اس قومی مجرم کی ریاستی سرپرستی میں سیاسی رونمائی کیلئے ریاستی وسائل کے منہ کھول دیئے گئے ہیں اور سرکاری مشینری کو پوری طرح حرکت دے دی گئی ہے۔
- کل کا جلسہ دراصل پاکستان مسلم لیگ نہیں بلکہ حکومت پاکستان اور اس کے ذیلی ادارے کروا رہے ہیں۔
- پورے ملک میں گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ جاری ہے جبکہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ سمیت پوری ریاستی مشینری کو اس قومی مجرم کے جلسے کو کامیاب بنانے کا ہدف سونپا گیا ہے۔
- یہ لوگ دراصل عوام کو غلام سمجھتے ہیں لیکن قومی مجرم کے سرپرست الٹے بھی لٹک جائیں اس جھوٹے اور بے حمیت شخص کو عوام سے قبولیت نہیں دلوا سکتے۔
- کور کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف میں کسی قسم کی تقسیم یا اختلاف کے تاثرات کی بھی تردید
- چیئرمین عمران خان کی قیادت اور ہدایات کی روشنی میں کور کمیٹی مکمل اتحاد، یگانگت، ہم آہنگی اور اتفاق رائے سے تنظیمی فیصلہ سازی کو آگے بڑھا رہی ہے۔
- تحریک انصاف کی صفوں میں کسی بھی سطح پر تقسیم و منافرت دیکھنے کے خواہاں عناصر ہمیشہ کی طرح مایوس اور شرمسار رہینگے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ